مور، جو اُڑنا چاہتا تھا

مور بہت اُداس ہے وہ بھی دوسرے پرندوں کی طرح اڑنا چاہتا ہے آئیے دیکھتے ہیں کہ جب اُس نے پَر جمع کرنے شروع کیے تو کیا ہوا؟

مور، جو اُڑنا چاہتا تھا
Alisha Berger

The Asia Foundation

طوسی مور ایک رحم دل اور نرم مزاج پرند تھا

وہ دوسرے پرندوں کے ساتھ سکون سے رہتا تھا لیکن طوسی کا ایک خواب تھا

وہ زمین پر چُگنے کی بجائے دور دراز کے میدانوں پر اڑنا چاہتا تھا۔



اس کی خواہش تھی کہ وہ دنیا کی ساری خوبصورتی دیکھ سکے



لیکن طوسی مور کھانے کی تلاش میں دور تک سفر بھی نہیں کرسکتا تھا۔ کچھ شرارتی پرندوں نے اس پر طنز کیا۔ جب بھی وہ کھانے کی تلاش میں جاتے تو وہ اسے تنہا چھوڑ دیتے تھے۔

طوسی مور نے اپنے طور پر سوچا ، اگر میں پرندے ہوں تو مجھے اڑنے کے قابل ہونا چاہیے۔ میرے پَر دوسرے پرندوں کی طرح کیوں نہیں ہیں؟

طوسی مور دیر تک سوچتا رہا۔ اس نے فیصلہ کیا کہ وہ دوسرے پرندوں کے پَر جمع کرنے کی کوشش کرے گا۔ وہ رینگتے ہوئے اُلّو کے پیچھا گیا۔

اس نے اُلّو کو بتائے بغیر اُس کی پیٹھ سے کچھ پَروں کو کھینچ لیا۔ پَر خوبصورت ، لمبے اور سیاہ تھے۔

اس نے ایسا ہی طوطے کے ساتھ بھی کیا۔ اسے خوبصورت سبز اور پیلے پَر مل گئے۔

اس نے بہت سے مختلف پرندوں کے پروں کو چرا لیا یہاں تک کے اس نے دریا میں تیراکی کرنے والے ہنس کے پَر بھی کھینچ لیے پَر خوبصورت اور سفید تھے طوسی نے پَر جمع کرنے کی بات کو راز میں رکھا

طوسی مور نے عقابوں کے بھی پَر چُرائے جب وہ کھانے میں مصروف تھے!

اب تک اس نے بہت سارے خوبصورت پَر جمع کر لیے تھے۔ اس نے بڑی چالاکی سے ان کو ایک ساتھ باندھا۔

اس نے احتیاط سے اِن پَروں کو اپنی دُم کے ساتھ چپکا لیا۔ جب اس نے اپنی دُم کو پھیلایا تو پَر ایک پنکھے کی طرح پھیل گئے۔ یہ بہت اچھا تھا۔ مختلف رنگوں کے پَروں نے اسے اور بھی پرکشش بنا دیا۔

اب طوسی مور گاؤں کا سب سے پُرکشش پرند تھا۔ دوسرے پرندوں میں سے کسی کے بھی اتنے خوبصورت پَر نہیں تھے جیسے طوسی مور کے تھے۔

طوسی مور خوش تھا جنگل کا سب سے خوبصورت پرند ہونے کی حیثیت سے ، وہ اب اڑنا نہیں چاہتا تھا دوسرے پرندوں نے بھی اس پر طنز نہیں کیا اور اسے تنگ بھی نہیں کیا وہ اُس کی خوبصورتی کی تعریف میں بہت مصروف تھے

Supported by:

Brought to you by
Let's Read is an initiative of The Asia Foundation's Books for Asia program that fosters young readers in Asia and the Pacific. booksforasia.org To read more books like this and get further information, visit letsreadasia.org.
Original Story The Peacock Who Wished To Fly, Author: Alisha Berger. Illustrator: Shabani Hamidu. Published by Room to Read, https://digitallibrary.io/book/the-peacock-who-wished-to-fly/ © Room to Read. Released under CC-BY-4.0.
This work is a modified version of the original story. © The Asia Foundation, 2021. Some rights reserved. Released under CC-BY-4.0. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/